# ہند-پاک سرحد پر ایک بار پھر گولہ باری

## ہندوستانی افواج نے اشتعال انگیزی کا منہ توڑ جواب دیا



سری نگر، 26اپریل (یو این آئی):لائن آف کنٹرول پر جمعہ اور ہفتے کی درمیانی شب ایک بار پھر سرحدی کشیدگی اس وقت شدت اختیار کر گئی جب پاکستانی رینجرز نے کئی مقامات پر ناجنگ معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بلا اشتعال فائرنگ کا سلسلہ شروع کیا۔ہندوستانی فوج نے فوری اور مؤثر جوابی کارروائی کرتے ہوئے ان تمام پاکستانی چوکیوں کو نشانہ بنایا جہاں سے فائرنگ کی گئی تھی اور واضح کر دیا کہ کسی بھی اشتعال انگیزی کا سخت جواب دیا جائے گا۔دفاعی ذرائع کے مطابق، دشمن کو واضح پیغام دیا گیا ہے کہ ایل او سی پر اشتعال انگیزی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے کہا 'پاکستان کی جانب سے بلا جواز فائرنگ کے جواب میں ہماری افواج نے درست نشانے کے ساتھ بھرپور کارروائی کی۔ہم ایل او سی پر امن میں خلل ڈالنے کی کسی بھی کوشش کو برداشت نہیں کریں گے۔'انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستان کی جانب سے جوابی کارروائی مؤثر تھی تاکہ سرحد پار واضح پیغام پہنچ سکے۔ان کے مطابق، 'پاکستانی فوج ہمارے صبر کا امتحان لے رہی ہے، مگر ہمارا عزم غیر متزلزل ہے۔ہم وقت اور جگہ کا تعین خود کریں گے۔'ذرائع کے مطابق، صورتحال پر قریبی نظر رکھی جا رہی ہے اور فوجی دستے مکمل چوکسی کے ساتھ اپنی پوزیشنوں پر متحرک ہیں۔فی الوقت کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے، تاہم فائرنگ کے اس تازہ سلسلے نے سرحدی علاقوں میں کشیدگی کو ایک بار پھر ہوا دے دی ہے۔ادھر بی ایس ایف نے بین الاقوامی سرحد پر جدید ترین نگرانی کا نظام فعال کر دیا ہے، جس میں ہائی ریزولوشن نائٹ ویژن آلات، زمینی سینسرز، تھرمل امیجرز، اور اسمارٹ فینسنگ شامل ہیں۔یہ تمام نظام کمانڈ اینڈ کنٹرول مراکز سے منسلک کیے گئے ہیں تاکہ دراندازی کی ہر کوشش کو بروقت ناکام بنایا جاسکے۔فوجی حکام کے مطابق، یہ جدید ٹیکنالوجی حالیہ مہینوں میں متعدد دراندازی کی کوششوں کو روکنے میں کلیدی کردار ادا کر چکی ہے۔مبصرین کا کہنا ہے کہ 2021 کے جنگ بندی معاہدے کے بعد ایل او سی پر نسبتاً امن قائم تھا، تاہم حالیہ مہینوں میں اس میں واضح خلل دیکھنے میں آرہا ہے، جو نہ صرف علاقائی سلامتی کے لیے خطرہ ہے بلکہ دراندازی کی کوششوں کا پیش خیمہ بھی بن سکتا ہے۔

### تلاشی آپریشن کے دوران فائرنگ علاقے کو سیل کر دیا گیا

جنوبی کشمیر کے ضلع کولگام کے گڈر علاقے میں ہفتے کے روز تلاشی آپریشن کے دوران گولیاں چلنے کی آوازیں سنائی دیں جس کے بعد سیکورٹی فورسز نے پورے علاقے کو مکمل طور پر محاصرے میں لے کر فرار ہونے کے تمام ممکنہ راستوں کو سیل کر دیا ہے۔ذرائع کے مطابق مصدقہ اطلاع موصول ہونے کے بعد سیکورٹی فورسز نے ہفتے کی دوپہر کولگام کے گڈر علاقے کو محاصرے میں لے کر جوں ہی تلاشی آپریشن شروع کیا تو اس دوران وہاں پر گولیوں کا تبادلہ ہوا۔فورسز نے علاقے میں سیکورٹی بندوبست سخت کر دیا ہے اور اضافی کمک طلب کر کے تمام داخلی اور خارجی راستوں پر پہرے بٹھا دیے گئے ہیں تاکہ ممکنہ طور پر علاقے میں چھپے بیٹھے ملی ٹینٹوں کو فرار ہونے کا کوئی موقع فراہم نہ ہو سکے۔ذرائع نے بتایا کہ ملی ٹینٹوں کی موجودگی کے خدشے کے پیش نظر قریبی دیہات میں بھی تلاشی کارروائیاں جاری ہیں۔مقامی لوگوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے گھروں میں رہیں اور سیکورٹی فورسز کے ساتھ تعاون کریں۔قابل ذکر ہے کہ پہلگام حملے کے بعد وادی بھر میں انسداد دہشت گردی کارروائیوں میں تیزی لائی گئی ہے اور کولگام سمیت جنوبی کشمیر کے کئی اضلاع میں سیکورٹی فورسز نے مشتبہ ملی ٹینٹوں کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن شروع کر رکھا ہے۔

### جدید ٹیکنالوجی سے نگرانی مزید سخت

پہلگام میں حالیہ دہشت گردانہ حملے کے بعد سیکورٹی فورسز نے علاقے میں بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔فوج، پولیس، سی آر پی ایف اور پیرا کمانڈوز کی مشترکہ کارروائیاں جنگلاتی علاقوں اور دشوار گزار پہاڑی علاقوں میں شدت اختیار کر چکی ہیں تاکہ مفرور دہشت گردوں کو تلاش کیا جاسکے اور ان کے معاونین کا خاتمہ کیا جا سکے۔اطلاعات کے مطابق پہلگام کے اردگرد کے جنگلاتی علاقوں اور دیگر دشوار گزار مقامات کو سیکورٹی فورسز نے پوری طرح سے سیل کر کے لوگوں کے چلنے پھرنے پر مکمل طور پر پابندی عائد کر دی ہے۔جدید نگرانی کے آلات، بشمول ڈرونز، ہیلی کاپٹرز اور کواڈ کاپٹرز کی مدد سے آپریشن کو مزید وسیع کیا گیا ہے تاکہ دہشت گردوں کے ہر ممکن راستے کی نگرانی کی جاسکے۔ذرائع کے مطابق پولیس اور فوج نے پہلگام کے قریبی علاقوں میں چھاپہ مار کارروائیوں کے دوران متعدد مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر ان سے پوچھ تاچھ شروع کی ہے۔معلوم ہوا ہے کہ پہلگام میں سیکورٹی فورسز نے اضافی دستوں کو چپے چپے پر تعینات کیا ہے تاکہ علاقے کی نگرانی اور حفاظتی اقدامات کو مزید مستحکم کیا جاسکے۔خاص طور پر سی آر پی ایف اور پیرا کمانڈوز کو اہم جنگلاتی راستوں پر تعینات کیا گیا ہے تاکہ دہشت گردوں کی کسی بھی ممکنہ حرکت کو فوراً روکا جاسکے۔پولیس اور سیکورٹی فورسز نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ کسی بھی مشتبہ سرگرمی کی اطلاع فوراً پولیس کو دیں۔ذرائع کا کہنا ہے کہ پہلگام اور اس کے اردگرد کے علاقوں کو فوجی چھاونی میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔واضح رہے کہ پہلگام میں 22اپریل کو دہشت گردوں نے سیاحوں پر حملہ کیا، جس کے نتیجے میں 25 غیر مقامی سیاح اور ایک نیپالی شہری جاں بحق جبکہ کئی دیگر زخمی ہو گئے۔اس حملے کے بعد وادی کشمیر میں سیکورٹی کو انتہائی ہائی الرٹ پر رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

## ملک اور دنیا کے عوامی مسائل سمجھنے اور نفرت کا محبت سے مقابلہ کرنے کیلئے نئی طرز سیاست کی ضرورت: راہل گاندھی



حیدرآباد 26اپریل (یو این آئی): لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر و کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی نے ایک نئی طرز سیاست کی ضرورت پر زور دیا ہے، جو ملک اور دنیا بھر میں عوامی مسائل کو سمجھتے ہوئے غصے، خوف اور نفرت کا محبت اور خلوص سے مقابلہ کر سکے۔وہ حیدرآباد میں جاری بھارت سمٹ سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے دنیا بھر میں ایک عالمی ترقی پسند تحریک کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جمہوری سیاست بنیادی طور پر تبدیل ہو چکی ہے اور اب ایک نئی طرز سیاست تشکیل دینا ضروری ہے۔اپنی کنیا کماری سے کشمیر تک پیدل یاترا کے تجربات بیان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کو سننے کی اشد ضرورت ہے۔قبل ازیں، بھارت سمٹ کے دوسرے دن کی نشست میں فوری اور منصفانہ ماحولیاتی اقدامات پر زور دیا گیا۔ ماحولیاتی انصاف میں تیزی کے عنوان سے منعقدہ اجلاس میں منتخب ماحولیاتی تبدیلی کے ماہرین نے حصہ لیا۔قبل ازیں، کانگریس لیڈروں نے اپنے سینئر رہنما راہل گاندھی کا شمس آباد ایرپورٹ پر پرتپاک استقبال کیا۔

## پہلگام واقعے کے بعد کشمیریوں کی مہمان نوازی نے سیاحوں کے دل جیت لیے




سری نگر 26اپریل (یو این آئی):پہلگام حملے کے بعد جب پورے کشمیر میں سیکورٹی ہائی الرٹ ہے، وہیں سری نگر کے تاریخی لال چوک میں کشمیری عوام نے اپنی بے مثال انسان دوستی اور مہمان نوازی کی روایت کو زندہ رکھتے ہوئے سیاحوں کے دل جیت لیے۔سیاحوں نے مقامی لوگوں کی طرف سے فراہم کی گئی محبت اور خلوص کو سراہتے ہوئے کہا کہ کشمیر میں خوف کا نہیں بلکہ انسانیت کا بول بالا ہے۔ممبئی سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون سیاح نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا' ،ہم یہاں پہلگام واقعے کے باوجود محفوظ ہیں۔ہمیں یہاں کسی قسم کی پریشانی یا خوف کا سامنا نہیں۔بلکہ کشمیری لوگ نہایت محبت اور خلوص سے پیش آرہے ہیں۔ہمیں مفت میں کھانے پینے کی اشیاء دی جا رہی ہیں، تسلی دی جا رہی ہے کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔'انہوں نے مزید کہا، 'کشمیر کے لوگ بے حد انسان دوست اور مہمان نواز ہیں۔جو خبریں کچھ نیوز پورٹلز یا سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہیں، ان پر دھیان دینے کی کوئی ضرورت نہیں۔حقیقت یہ ہے کہ ہم کشمیر میں مکمل طور پر محفوظ ہیں اور مقامی لوگوں نے ہمیں یہاں اجنبیت کا احساس بالکل نہیں ہونے دیا۔'سیاح خاتون نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر میں تقریباً اسی فیصد افراد سیاحت کے شعبے سے وابستہ ہیں۔اگر غیر ضروری منفی پروپیگنڈہ کیا جائے گا اور خوف کا ماحول پیدا ہوگا تو سب سے زیادہ نقصان انہی محنتی اور مہمان نواز کشمیریوں کو ہوگا۔انہوں نے کہا، 'یہاں کے لوگ اپنی روزی روٹی کا انحصار سیاحت پر کرتے ہیں۔ہمیں یہاں کے خوبصورت ماحول اور لوگوں کے خلوص نے بہت متاثر کیا ہے۔'لال چوک میں موجود دیگر سیاحوں نے بھی اس بات کی تصدیق کی کہ مقامی افراد ہر ممکن تعاون فراہم کر رہے ہیں۔کئی دکان دار اور ہوٹل مالکان نے سیاحوں کو یقین دلایا کہ کشمیر ان کے لیے ہمیشہ خوش آمدیدی کی جگہ ہے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں وہ ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ایک اور سیاح ونود کمار نے کہا' ،ہم نے پہلگام واقعہ کے بعد بھی محسوس کیا کہ یہاں کے لوگ ہمارے ساتھ ہمدردی کا اظہار کر رہے ہیں، ہمیں تحفظ کا احساس دلا رہے ہیں۔یہ وہ کشمیر ہے جس کی مہمان نوازی کی مثالیں دنیا میں دی جاتی ہیں۔'اس دوران مقامی حکام نے بھی سیاحوں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ وادی کشمیر میں سیاحوں کی سلامتی اولین ترجیح ہے۔

سیکورٹی فورسز نے تمام اہم سیاحتی مقامات پر سیکورٹی سخت کر دی ہے جبکہ اضافی چیک پوسٹس اور گشت بڑھایا گیا ہے تاکہ سیاحوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو۔پہلگام حملے کے باوجود، کشمیر کی اصل تصویر ایک بار پھر محبت، خلوص اور انسان دوستی کی شکل میں دنیا کے سامنے آئی ہے۔سیاحوں کے تاثرات اس بات کا ثبوت ہیں کہ کشمیر آج بھی مہمانوں کے لیے کھلے دل کے ساتھ اپنی بانہیں پھیلائے ہوئے ہے۔










رانچی: پہلگام دہشت گردانہ حملے کے خلاف سنیچر کو احتجاج کے لیے صحافی، بھاگپا مالے اور مارواڑی برادری نے کینڈل مارچ نکالا اور شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔۔۔۔جدید بھارت

## کیلاش مانسرو ور یاترا جون سے اگست کے درمیان ہوگی: وزارت خارجہ



نئی دہلی۔ 26/ اپریل (ایم این این): وزارت خارجہ نے ہفتہ کو اعلان کیا کہ کیلاش مانسرو ور یاترا جون سے اگست 2025 کے درمیان متوقع ہے۔اس سال، پانچ کھیپیں، جن میں سے ہر ایک 50 یاتریوں پر مشتمل ہے، اور 10 کھیپیں، جن میں ہر ایک میں 50 یاتری شامل ہیں، بالترتیب لیپولیکھ پاس پر اتراکھنڈ اسٹیٹ کراسنگ کے ذریعے اور نتھو لا پاس پر سکم اسٹیٹ کراسنگ کے ذریعے سفر کرنے والے ہیں۔اس میں کہا گیا ہے کہ kmy.gov.in پر ویب سائٹ درخواستوں کی قبولیت کے لیے کھول دی گئی ہے اور یاتریوں کا انتخاب "منصفانہ، کمپیوٹر سے تیار کردہ، بے ترتیب اور صنفی توازن" کے انتخاب کے عمل کے ذریعے درخواست دہندگان میں سے کیا جائے گا۔یاتریوں کے انتخاب تک آن لائن درخواست کے ساتھ شروع ہونے والا پورا عمل 2015 سے مکمل طور پر کمپیوٹرائزڈ ہو چکا ہے۔" درخواست دہندگان کو معلومات حاصل کرنے کے لیے خطوط یا فیکس بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔ویب سائٹ پر فیڈ بیک کے اختیارات معلومات حاصل کرنے، مشاہدات درج کرنے یا بہتری کے لیے تجاویز دینے کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ہندوستان اور چین اس سال کے آغاز سے ہی یاترا کو دوبارہ شروع کرنے کے طریقوں کو حتمی شکل دے رہے تھے۔کیلاش مانسرو ور یاترا 2020 سے کووڈ 19 کے پھیلنے اور اس کے بعد چین کی طرف سے یاترا کے انتظامات کی تجدید نہ کرنے کے بعد نہیں ہوئی ہے۔ہندوستانی حکومت نے جون اور ستمبر کے درمیان یاترا کا اہتمام لیپولیکھ پاس کے دو سرکاری راستوں (1981 سے) اتراکھنڈ میں اور نتھولا پاس (2015 سے) سکم میں کیا۔یہ اس سال جنوری میں خارجہ سکریٹری نائب وزیر خارجہ میکانزم کے تحت ہونے والی میٹنگ کے بعد تھا کہ دونوں فریقوں نے 2025 کے موسم گرما میں یاترا کو دوبارہ شروع کرنے کے منصوبوں کا اعلان کیا تھا۔

## پہلگام حملے کے بعد ہندوستان اور پاکستان کے درمیان بھاری کشیدگی

نئی دہلی۔ 26/اپریل (ایم این این): پہلگام، جموں وکشمیر میں ایک مہلک دہشت گردانہ حملے کے بعد، جس میں 26 افراد ہلاک ہوئے، جن میں زیادہ تر غیر مسلم سیاح تھے، ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشیدگی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔حملے کے جواب میں، پاکستان نے لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے ساتھ چھوٹے ہتھیاروں سے فائرنگ شروع کی، جس سے ہندوستانی فوج نے مؤثر جوابی کارروائی کی، حالانکہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔بھارت نے پاکستان کی مسلسل سرحد پار دہشت گردی اور بھارت کے خدشات کو دور کرنے میں ناکامی کا حوالہ دیتے ہوئے پاکستان کے ساتھ سندھ آبی معاہدے کی غیر معینہ مدت تک معطلی سمیت سخت اقدامات اٹھائے۔بھارت نے پاکستانی شہریوں کو بھی ملک سے نکال دیا اور بھارت میں پاکستانی سفارت کاروں کی تعداد کم کر دی، جبکہ پاکستان نے بھی اسی طرح کی کارروائیوں کا جواب دیا اور دھمکی دی کہ پانی کا رخ موڑنے پر پوری طاقت سے جواب دیا جائے گا۔پہلگام حملہ، جس میں دہشت گرد مبینہ طور پر فائرنگ کرنے سے پہلے مذہب کی بنیاد پر متاثرین کی شناخت کرتے تھے، نے بڑے پیمانے پر بین الاقوامی سطح پر مذمت کی ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے حملے کے ذمہ داروں کا پیچھا کرنے کا عزم کیا، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ دہشت گردی کو سزا نہیں دی جائے گی اور یہ کہ ہندوستان ہر دہشت گرد اور ان کے پشت پناہوں کی شناخت اور سزا دے گا۔انڈس واٹر ٹریٹی کی معطلی، جو کہ 1960 میں ورلڈ بینک کی ثالثی میں ایک تاریخی معاہدہ ہے، تنازعہ میں نمایاں اضافہ کی نشاندہی کرتا ہے، جس سے پاکستان کو پانی کی فراہمی متاثر ہوتی ہے اور ممکنہ طور پر لاکھوں افراد متاثر ہوتے ہیں۔

### پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد عالمی غم وغصہ اور یکجہتی کا اظہار

نئی دہلی۔26/اپریل۔ایم این این۔پہلگام، جموں وکشمیر میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے، جس کے نتیجے میں کم از کم 26 بے گناہ لوگوں کی موت ہوئی، نے بھارت کے ساتھ مذمت اور یکجہتی کے لیے ایک مضبوط اور متحد عالمی ردعمل کو جنم دیا ہے۔عالمی رہنماؤں نے، بشمول امریکہ، روس، چین، اور یورپی یونین، نے اس حملے کی واضح طور پر مذمت کی ہے، ہمدردی کا اظہار کیا ہے اور جغرافیائی سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے میں حمایت کا وعدہ کیا ہے۔مسلم دنیا نے بھی سخت مذمت کا اظہار کیا، دہشت گردی کو اس کی تمام شکلوں میں مسترد کرتے ہوئے اور انتہا پسندانہ بیانیے کا مقابلہ کیا، جب کہ دہشت گردی کے ماضی کے تجربات رکھنے والی اقوام، جیسے فرانس اور برطانیہ، نے ہندوستان کے لیے نمایاں حمایت ظاہر کی۔یہ وسیع پیمانے پر بین الاقوامی اتحاد دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے مشترکہ عالمی عزم کو ظاہر کرتا ہے اور انٹیلی جنس شیئرنگ، بین الاقوامی تعاون، اور ایسے مظالم کے خلاف ایک مضبوط عالمی اتفاق رائے کی ضرورت پر زور دیتا ہے، متاثرین کے لیے انصاف کو یقینی بنانے اور مستقبل کے سانحات کو روکنے کے لیے یکجہتی کے الفاظ کو ٹھوس اقدامات میں تبدیل کرتا ہے۔

### اننت ناگ کے طلباء نے پہلگام حملے کے خلاف احتجاج کیا

اننت ناگ،26/اپریل (ایم این این): اننت ناگ، جموں وکشمیر میں گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین کی طالبات نے 22اپریل کو پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کے لیے ایک احتجاجی مارچ کا اہتمام کیا جس میں بیسرن گھاس کے میدان میں 26افراد ہلاک ہوئے، جن میں زیادہ تر سیاح تھے۔حملہ، مشتبہ لشکر طیبہ (ایل ای ٹی) کے عسکریت پسندوں نے کیا جنھوں نے مبینہ طور پر غیر مسلموں کو نشانہ بنایا، غم وغصے کو جنم دیا اور انصاف کا مطالبہ کیا۔طلباء کے مارچ نے نوجوان کشمیری خواتین کے دہشت گردی اور تشدد کو مسترد کرنے کے عزم کو اجاگر کیا۔مظاہرے نے، جس نے مختلف گروہوں بشمول تاجر انجمنوں اور ٹرانسپورٹرز کی جانب سے نمایاں مقامی توجہ اور حمایت حاصل کی، حکام سے مجرموں کو پکڑنے کے لیے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا، جن میں لشکر طیبہ کے تین مشتبہ دہشت گرد بھی شامل تھے، اور تفرقہ انگیز بیانیہ کے خلاف اتحاد کی ضرورت پر زور دیا۔یہ احتجاج سخت حفاظتی کارروائیوں اور حملے کی بین الاقوامی مذمت کے ساتھ موافق تھا، جس میں بھارت کی جانب سے پاکستان کے ساتھ دوطرفہ آبی معاہدہ معطل کرنا، حالات کی سنگینی اور بڑھتے ہوئے تشدد کے تناظر میں امن اور انصاف کے لیے طلباء کے دلیرانہ موقف کو اجاگر کرنا شامل ہے۔

### پٹاخہ کے دھماکے سے مرنے والوں کی تعداد چار ہوگئی

چنئی، 26اپریل (یو این آئی): تمل ناڈو کے ضلع سیلم کے اوملور میں جمعہ کی رات پٹاخے کے دھماکے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر چار ہوگئی ہے۔وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے مرنے والوں کے لواحقین کو فی کس تین لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا۔سرکاری بیان کے مطابق، سیلو اراج ( ،)29 تمل سیلوان اور کارتی (دونوں (11 کی موقع پر ہی موت ہوگئی، جب کہ شدید طور پر جھلس گئے لوکیش ( (20 کی ہفتہ کو سیلم گورنمنٹ میڈیکل کالج میں موت ہوگئی۔مسٹر اسٹالن نے اس واقعہ پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے اور مرنے والوں کے اہل خانہ کو چیف منسٹر ریلیف فنڈ سے امداد فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب پٹاخوں سے بھری بوری کو ایک ٹو وہیلر میں مندر کے میلے میں لے جایا جا رہا تھا۔

## اسٹیل ہندوستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے: جی کشن ریڈی




نئی۔ 26/اپریل (ایم این این):کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر جناب جی کشن ریڈی نے آج ممبئی میں انڈیا اسٹیل کے 6ویں ایڈیشن سے خطاب کیا، جو اسٹیل کے شعبے سے متعلق ایک دوسالہ بین الاقوامی نمائش۔کم۔کانفرنس ہے۔سٹیل پر بین الاقوامی نمائش۔کم۔کانفرنس نے پالیسی سازوں، صنعت کے رہنماؤں، ماہرین تعلیم، محققین، اور سول سوسائٹی کے درمیان سٹیل کے شعبے کی ابھرتی ہوئی حرکیات اور کوئلے کی صنعت کے ساتھ اس کے سمبیوٹک تعلقات پر بات چیت کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر کام کیا۔کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر جناب جی کشن ریڈی نے اپنے کلیدی خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ اسٹیل ہندوستان کی اقتصادی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور وکست بھارت 2047 کے قومی وژن کے ایک اہم اہل کار کے طور پر کام کرتا ہے۔انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ کس طرح ہندوستان بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں نئے عالمی معیارات مرتب کر رہا ہے، چناب پل سے لے کر کشمیر کے تاریخی پل، جموں اور ریلوے کے سب سے بڑے پل تک۔تمل ناڈو میں پل — سب اسٹیل سیکٹر کی بڑھتی ہوئی طاقت سے ممکن ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کے بنیادی ڈھانچے کے سفر میں ہر سنگ میل فولاد سے بنا ہوا ہے جو آگے بڑھنے والی قوم کی رفتار اور خواہشات کی عکاسی کرتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستان کے اسٹیل سیکٹر نے حالیہ برسوں میں ایک متاثر کن رفتار سے ترقی کی ہے، جس نے ملک کو عالمی سطح پر دوسرے سب سے بڑے اسٹیل پروڈیوسر کے طور پر پوزیشن دی ہے۔وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے الفاظ کا حوالہ دیتے ہوئے، وزیر نے اسٹیل کو ہندوستان کے "سن رائز سیکٹر" کے طور پر کہا جو کہ آتم نیر بھر بھارت ابھیان کے ذریعے گھریلو استعمال، صنعتی توسیع اور خود انحصاری کا ایک اہم محرک ہے۔شری ریڈی نے اس بات پر زور دیا کہ اگر اسٹیل ہندوستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے تو کوئلہ اور کان کنی کا شعبہ اس مضبوط بنیاد کی نمائندگی کرتا ہے جس پر یہ ٹکا ہوا ہے۔انہوں نے خام مال کی حفاظت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ خام مال جیسے لوہے، کوکنگ کول، چونا پتھر، اور ضروری مرکب عناصر جیسے مینگنیج، نکل اور کرومیم کی دستیابی کو یقینی بنانا ایک اقتصادی ضرورت بھی ہے اور ایک اسٹریٹجک ضروری بھی۔ہندوستان نے حال ہی میں گزشتہ مالی سال میں کوئلے کی پیداوار اور ترسیل کے 1 BT کا ایک تاریخی سنگ میل حاصل کیا جو قومی توانائی کی سلامتی کی جانب ایک تبدیلی کا قدم ہے۔توانائی کے اعداد وشمار 2025 سے پتہ چلتا ہے کہ کوئلہ ہندوستان کی توانائی کی کل ضروریات کا تقریباً 60% اور اس کی بجلی کی پیداوار کا 70% حصہ بناتا ہے جب کہ قابل تجدید توانائی کو بڑھانے کی کوششیں جاری ہیں، وزیر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ کوئلہ مستقبل قریب میں ہندوستان کی توانائی اور صنعتی منظر نامے کا مرکز رہے گا۔

## طلباء کے مسائل حل ہوں گے، این ایس یو آئی نے لانچ کیا QR کوڈ



جدید بھارت نیوز سروس

رانچی ، 26/اپریل : آج جھارکھنڈ پردیش NSUI نے ریاستی کانگریس دفتر کے آڈیٹوریم میں "ہم بدلیں گے جھارکھنڈ" کا پوسٹر جاری کیا۔پوسٹر لانچنگ کے ذریعے ہم بدلیں گے جھارکھنڈ کیو آر جاری کیا گیا ہے جس کے ذریعے تمام یونیورسٹی اور کالج کے طلباء کو جوڑا جائے گا اور ان کے مسائل کو حل کیا جائے گا۔صدر ونے نے کہا کہ اس کے ذریعے طلباء امتحان کے نتائج میں تاخیر، رجسٹریشن کی غلطیاں، اسکالرشپ سے متعلق مشکلات، طلباء کے ساتھ امتیازی سلوک، ہاسٹل، لائبریری، وائی فائی، کلاسز وغیرہ سے متعلق مسائل کے بارے میں اپنے مسائل براہ راست NSUI جھارکھنڈ کے ریاستی دفتر کو بھیج سکیں گے۔رانچی کے انچارج مشرف نے کہا کہ "ہم بدلیں گے جھارکھنڈ" کے تحت این ایس یو آئی کی ریاستی کمیٹی زیادہ سے زیادہ طلبہ سے رابطہ قائم کرنے کے لیے ریاست کی تمام یونیورسٹیوں اور کالجوں کا دورہ کرے گی۔یہ مہم ریاست کے طلبہ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگی۔طلباء سے رابطہ قائم کر کے مسائل کی فہرست وائس چانسلر کو دی جائے گی اور ان کے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے گا۔پوسٹر ریلیز پروگرام میں این ایس یو آئی کے ریاستی نائب صدر امن احمد، سنکیت سمن، ریاستی جنرل سکریٹری وضاحت اللہ، ریاستی سکریٹری انکیتا شیکھر وغیرہ موجود تھے۔

